نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور،**05** اپریل**2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار یکم تا30 اپریل کاشت کیلئے پودوں کا باہمی فاصلہ 12 انچ، وٹوں کا باہمی فاصلہ 2 فٹ 6 انچ جبکہ فی ایکڑ پودوں کی تعداد 17 ہزار 5 سو رکھیں۔کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کی کاشت یقینی بنائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار منظور شدہ بی ٹی اقسام کے ساتھ کم از کم 10 فیصد رقبہ نان بی ٹی اقسام بھی کاشت کریں تاکہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا نہ ہو سکے۔اس کے علاوہ کپاس کی کاشت ترجیحاً پٹڑیوں پر کریں جس کے لیے مشینی طریقہ اختیار کریں یا پٹڑیاں بنانے کے بعد ہاتھ سے چوپے لگائیں۔ اگر کاشت ڈرل سے کرنی ہو تو قطاروں کا درمیانی فاصلہ اڑھائی فٹ رکھیں اور جب فصل کا قد ڈیڑھ سے دو فٹ ہو جائے تو پودوں کی ایک لائن چھوڑ کر دوسری لائن پر مٹی چڑھا کر پٹڑیاں بنا دیں۔پٹڑیوں پر کاشتہ فصل میں جڑی بوٹیوں کا انسداد آسان، کھادوں کا استعمال بہتر، پانی کی بچت اور بارشوں کے نقصان سے بچت ہوتی ہے۔

☆☆☆☆